جلد نمبر ۱۶

رامپور اسٹیٹ گزٹ

RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۱ ذیقعدہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۲ اپریل ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت افسر صاحب اصطبل	۱
۲	اضافہ [illegible]	[illegible]
۳	رخصت [illegible] اصطبل	[illegible]
۴	اضافہ علاقہ دار [illegible]	[illegible]
۵	رخصت نائب تحصیلدار [illegible]	[illegible]
۶	منظوری استعفا [illegible]	[illegible]
۷	وظائف [illegible]	[illegible]
۸	اضافہ [illegible]	[illegible]
۹	[illegible] حضور تحصیل	[illegible]
۱۰	اضافہ جات [illegible]	[illegible]
۱۱	نقشہ [illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثنہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت من ابتدا ۲۰ اپریل سنہ حال لغایتہ ۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۹ء میجر عبدالحکیم خان صاحب افسر اصطبل بنام جانے بیمار بغرض تبدیل آب ہوا۔

حکم

بموجب رپورٹ میجر عبدالحکیم خان افسر اصطبل کی رخصت من ابتدا ۲۰ اپریل لغایتہ ۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۹ء منظور ہے۔ بغرض اجرا احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس درج ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثنہ یادداشت صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ دس روپیہ ماہوار در تنخواہ [illegible] حسب [illegible] مشاہرہ [illegible] بوجہ قلت تنخواہ [illegible] متعلقہ۔

حکم

حسب [illegible] صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر [illegible] حسب [illegible] کی تنخواہ موجودہ میں [illegible] سنہ ۱۹۲۹ء دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

حسب موصولی رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر - رخصت یکماہ بوجہ علالت محمد نبی خان پیشکار اصطبل حسب تصدیق ڈاکٹر منظور کی گئی -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ سردار صاحب خوزہی مبارک در بارہ منظوری رخصت ۱۵ / یوم مرزا محمد باقر خوشنویس ملازم کتب خانہ مشاہرہ دادہ ٦٠ روپیہ بوجہ کرانے آپریشن آنکھ بمقام لکھنؤ -

حکم

بموجب رپورٹ مرزا محمد باقر خوشنویس ملازم کتب خانہ کی رخصت ۱۵ یوم من ابتدا ۱۹ / اپریل منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات در بارہ اضافہ تنخواہ منشی سید عبد الحمید علاقہ دار اضلاع بقدر عـہ بوجہ محنت و کمی تنخواہ و دیرینہ ملازمت

حکم

حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات عرفیت سید عبد الحمید علاقہ دار اضلاع کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہو - ہمدہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت ۱۲ / یوم سید حامد شاہ صاحب نائب تحصیلدار ملک از ۵ / اپریل لغایتہ ۱۶ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء بغرض شرکت امتحان یونیورسٹی بمقام لکھنؤ - بربنائے رپورٹ تحصیلدار صاحب ملک بعدہ حاکم صاحب

حکم

سید حامد شاہ نائب تحصیلدار ملک کی رخصت ۱۰ روز ۵ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء سے ۱۶ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء تک منظور ہے - کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منشا حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۵ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۱۰ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء -

بموجب رپورٹ مسز ہاپکنس نرس کا استعفا یکم مئی سنہ ۱۹۲۹ء سے منظور ہے - کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض   میر ساند

جناب عالی

مسز ہاپکنس نرس ملازمہ شفاخانہ زنانہ نے اپنی شادی کی ضرورت سے استعفا پیش کیا ہے - چیف میڈیکل افسر صاحب نے دوسری نرس کے لئے اخبار میں اشتہار دیدیا ہے عرضداشت امید حکم منظوری استعفا از یکم مئی سنہ ۱۹۲۹ء و ارسال اجلاس ہمایون ہے -

دولت و اقبال جاوید باد

[illegible]

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہوں - ۱۱ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

الاؤنس

۱۵ / اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

مثبتہ تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب در بارہ عطائے الاؤنس پانچ روپیہ ماہوار بابتہ انچارجی کام شفاخانہ ملک برائے یکماہ سے علی احمد کمپاؤنڈر شفاخانہ ملک -

حکم

حسب یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب علی احمد کمپاؤنڈر کو پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس بابتہ انچارجی شفاخانہ ملک یکماہ کے لئے منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵ اپریل ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر بر بنائے رپورٹ محافظ دفتر صدر۔ دربارہ اضافہ تنخواہ سید اکرام علی اہلمد سواد متعینہ محافظ خانہ محاسبہ صدر بوجہ ملازمت دیرینہ ۲۸ سال وحسن انجام دہی کار متعلقہ۔

حکم

اکرام علی اہلمد محافظ خانہ صدر ۲۸ سال کا ملازم ہے۔ [illegible] تنخواہ پاتا ہے۔ محافظ دفتر و سررشتہ دار صاحب صدر تعریف کام کے بعد سفارش اضافہ کرتے ہیں۔ ملازمت بھی دیرینہ ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

اکرام علی اہلمد مذکور کی تنخواہ موجودہ [illegible] میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۵ اپریل ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر بابت اضافہ حکیم بھگوانداس اہلمد حضور تحصیل متعینہ محافظ خانہ محالات صدر بوجہ ملازمت دیرینہ وکثرت کار وحسن انجام دہی خدمت متعلقہ بربنائے رپورٹ محافظ دفتر صدر۔

حکم

بھگوانداس اہلمد محافظ خانہ صدر ۳۴ سال کا ملازم ہے۔ اور [illegible] تنخواہ پاتا ہے۔ سررشتہ دار صاحب صدر و محافظ دفتر صدر نے تعریف کام کے بعد بوجہ دیرینہ ملازمت کے سفارش اضافہ کی ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بھگوانداس کی موجودہ تنخواہ [illegible] میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

اضافہ جات

۱۴ اپریل ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ اضافہ اہلکاران از بچت تنخواہ حامد رضا خان متوفی اہلمد دفتر میونسپلٹی تنخواہ دار [illegible] جنکا ۱۳ اپریل ۱۹۲۹ء کو انتقال ہوا۔

حکم

حسب سفارش میونسپل افسر منشی نیر الدین خان پیشکار کی موجودہ تنخواہ میں مبلغ دو روپیہ اور مبلغ پانچ روپیہ محمود رضا خان کی تنخواہ میں اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں ہر دو اہلکاران کے صاحبزادہ سید ارشاد اللہ خان بہادر جمعدار کی موجودہ تنخواہ میں ایک روپیہ اور دو روپیہ صاحبزادہ سید شجاع اللہ خان بہادر انسپکٹر کی تنخواہ میں اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ رپورٹ ہذا بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ نیز نقل حکم صاحب میونسپل افسر مرسل ہو کر اطلاع دیجائے۔

دستخط [illegible] صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ سوم ماہ اپریل سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۸ ۷ ۸ ۵ ۷		۷ ۸				دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۵ ۷ ٦ ۷		۰				
نخود کشتہ آمیز	٦ ۷		۰				
کتہ	۷ ۸		٦ ۷				
ماش	۵ ۷ ۵ ۷		۵ ۷				
مونگ	۴ ۸		۴ ۸				
مکا	۵ ۷						
جئی	٦ ۷		۱۰ ۷				
گوجئی	۱۰ ۸		۹ ۸				
مسور	۵ ۸		۵ ۸				
ارہر	۸ ۸ ۵ ۷		۵ ۸				
برنج	۴ ۸ ۴ ۸		۴ ۸				
روغن زرد	۸ چھٹانک		۱۰ چھٹانک				
روغن سیاہ	۱ ۸		۱ ۸				
روغن کنجد	۱ ۸		۱ ۸				
نمک سانبھر	۱۲ ۸		۱۲ ۸				
نمک لاہوری	۹ ۸		٦ ۸				
قند سیاہ	۵ ۷		٦ ۸				
اجسرہ	نرخ بازار						